© rasailojaraid.com


## ''ذکر اہل بیت مصطفی ﷺ''

اس کتابچہ میں علامہ حافظ شفقات احمد مجددی نے اہل بیت کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل ومناقب پر اپنے مخصوص ذوق کے مطابق معلومات جمع کی ہیں۔

صفحات ۱۹۲۔ ناشر: دارالتبلیغ، آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف، ضلع گوجرانوالہ

## ''حضرت امیر معاویہؓ کے حق میں اہل بیت رسول کا فیصلہ''

جناب محمد رفیق کیلانی نے اس کتابچہ میں امیر المومنین حضرت معاویہؓ کے بارے میں حضرات اہل بیت کرامؓ کے تاثرات بیان کیے ہیں اور مستند حوالوں سے ثابت کیا ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ کی چار بیٹیاں تھیں۔

یہ رسالہ بھی دارالتبلیغ، آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف، ضلع گوجرانوالہ نے شائع کیا ہے۔

## ماہنامہ ''آب حیات'' لاہور

مولانا محمود الرشید حدوٹی کی زیر ادارت ''آب حیات'' کے نام سے ایک دینی جریدہ شائع ہوتا ہے جس کا جولائی ۲۰۰۲ء کا شمارہ اس وقت ہمارے سامنے ہے۔ اس میں دینی عنوانات کے ساتھ ساتھ دور حاضر کے مسائل اور ملت اسلامیہ کو درپیش مشکلات کے حوالے سے بھی مفید مضامین شامل ہیں۔

قیمت فی پرچہ ۱۰ روپے اور سالانہ زرخریداری ۱۰۰ روپے ہے جبکہ خط وکتابت مدیر محترم سے جامعہ اشرفیہ، مسلم ٹاؤن، فیروز پور لاہور کے پتہ پر کی جاسکتی ہے۔

## ''ہیرے اور کنکر''

محمد یاسین خان قائم خانی صاحب نے ''قائم خانی راجپوت'' خاندان کے تعارف اور جہاد آزادی میں اس خاندان کی خدمات پر قلم اٹھایا ہے اور اس میں جنگ آزادی کے حوالے سے بہت سی مفید معلومات پیش کی ہیں۔

پونے تین سو سے زائد صفحات کی یہ مجلد کتاب ادارہ تحقیق وتصنیف ترگڑھ براستہ ملوک، تحصیل وضلع ملتان نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت ۱۵۰ روپے ہے۔


© rasailojaraid.com